9th India-EU Human Rights Dialogue (April 12, 2021)

April 12, 2021

ہندوستان- یورپی یونین کے مابین انسانی حقوق سے متعلق 9واں ڈائیلاگ (12 اپریل، 2021)

12 اپریل، 2021

1- ہندوستان- یورروپی یونین کے مابین انسانی حقوق سے متعلق 9واں ڈائیلاگ 12 اپریل 2021 کو نئی دہلی میں، جولائی 2020 میں ہونے والے 15 ویں ہندوستان- یورپی یونین کے اجلاس میں لئے گئے فیصلے کے تناظر میں منعقد کیا گیا۔

2- دنیا کی دو سب سے بڑی جمہوری ممالک کی حیثیت سے، ہندوستان اور یورپی یونین نے انسانی حقوق سے متعلق اپنے عزم کا اعادہ کیا۔ اس تناظر میں، انہوں نے تمام حقوق انسانی کی عالمگیریت، اس کے نا قابل تقسیم ہونے، ایک دوسرے پر منحصر ہونے اور باہمی ربط پر زور دیا۔

3- ڈائیلاگ کے دوران، شرکاء نے بشمول معاشرتی، معاشی اور ثقافتی شعبوں کے انسانی حقوق کو مستحکم کرنے پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے شہری اور سیاسی حقوق، مذہب یا عقیدے کی آزادی، خواتین کو با اختیار بنانے، بچوں کے حقوق، اقلیتوں اور کمزور گروپ کے حقوق پر تبادلہ خیال کیا۔ یورپی یونین اور ہندوستان دونوں نے بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ انسانی حقوق کے قوانین اور معیاروں پر مبنی انسانی حقوق کے امور میں زیادہ سے زیادہ تعلقات کو فروغ دینے کی ضرورت کا اظہار کیا۔ دونوں فریقین نے انسانی حقوق کے فروغ کے لئے انسانی حقوق کے طریقہ کار کو مضبوط بنانے کی اہمیت کو تسلیم کرنے کے ساتھ ساتھ انسانی حقوق کے قومی اداروں، سول سوسائٹی کے ایکٹرس اور صحافیوں کی اس سلسلے میں کردار کو تسلیم کیا۔ یورروپی یونین نے تمام معاملات میں اور کسی رعایت کے بغیر سزائے موت دینے کی اپنی مخالفت کا اعادہ کیا۔

4- انہوں نے بین الاقوامی فورم میں ہندوستان- ای یو تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا، خصوصا اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی اور اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کونسل (یو این ایچ آر سی) میں تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا۔ اس سلسلے میں، ہندوستانی وفد نے جنیوا میں مقیم اقوام متحدہ کے اپنے متعلقہ مستقل مشنوں کے مابین باقاعدہ تبادلہ کرنے اور اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کونسل (یو این ایچ آر سی) میں تعاون کی تجویز پیش کی۔

5۔ ہندوستان اور یورپی یونین نے جمہوریت، آزادی، قانون کی حکمرانی اور انسانی حقوق کے احترام کے مشترکہ اصولوں اور اقدار کے متعلق اپنے عزم کا اعادہ کیا۔ دونوں فریق اگلے سال ڈائیلاگ کے اگلے ایڈیشن کے منتظر ہیں۔

6۔ انسانی حقوق سے متعلق ڈائیلاگ، بھارتی وزارت خارجہ میں جوائنٹ سکریٹری برائے مغربی یورپ جناب سندیپ چکورتی، اور ہندوستان میں یوروپی یونین کے سفیر جناب یوگو آسٹو کی مشترکہ صدرات میں منعقد ہوا۔

نئی دہلی

12 اپریل، 2021

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.